## 19، جون پاکستان کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، الطاف حسین
## ایم کیوایم کو مٹانے والے خودمٹ گئے الحمدللہ ایم کیوایم آج بھی قائم دودائم ہے
## پرعزم اور مخلص کارکنان کی قربانیوں کی بدولت ایم کیوایم کی عوامی مقبولیت میں اضافہ ہورہا ہے
## 19، جون 1992ء کے شہداء کی 18 ویں برسی کے موقع پر بیان

لندن۔۔۔18، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ 19 جون 1992ء پاکستان کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے اوراس دن ایم کیوایم کو صفحہ ہستی سے مٹانے کیلئے بدترین ریاستی آپریشن کرکے ایم کیوایم کے ہزاروں کارکنوں کو ماورائے عدالت قتل کیا گیا۔19 جون 1992ء کے شہداء کی 18 ویں برسی کے موقع پراپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کی تاریخ شہداء کی لازوال قربانیوں سے عبارت ہے۔آج سے 18 سال قبل ایم کیوایم جیسی محبّ وطن عوامی جماعت کے فکروفلسفہ اور پیغام کوروکنے کیلئے سندھ کے شہری عوام کے خلاف بدترین مظالم ڈھائے گئے اور ریاستی دہشت گردی کے ذریعہ ایم کیوایم کو صفحہ ہستی سے مٹانے کیلئے ظلم وستم کا ہرہتھکنڈہ استعمال کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ یہ ایم کیوایم کے نظریہ کی سچائی کا کھلا ثبوت ہے کہ تمام تر ریاستی مظالم، دہشت گردی اورقتل وغارتگری کے باوجود ایم کیوایم نہ صرف قائم ودائم ہے بلکہ اس کا پیغام گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر سمیت ملک بھر میں پھیل چکا ہے جبکہ ایم کیوایم کو کچلنے اور صفحہ ہستی سے مٹانے والے خودمٹ چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ حق پرستی کی اس جدوجہد میں حق پرست شہداء نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کئے، پرعزم کارکنان نے قیدوبند کی صعوبتیں برداشت کیں، سرکاری ٹارچر سیلوں میں وحشیانہ تشدد برداشت کیا، دربدری، روپوشی اور جلاوطنی کی زندگی گزاری لیکن حق پرستی کی جدوجہد جاری رکھی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ حق پرست شہداء، لاپتہ کارکنان اور تحریک کے ایک ایک پرعزم اور مخلص کارکنان کی قربانیوں کی بدولت آج ایم کیوایم نہ صرف سلامت ہے بلکہ اس کی عوامی مقبولیت میں ہرگزرتے دن کے ساتھ اضافہ ہورہا ہے۔انہوں نے کہا کہ تمام تر مصائب ومشکلات کے باوجود فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد جاری ہے اور ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہورہے ہیں۔انشاءاللہ حق پرستی کا یہ قافلہ اپنی منزل پر ضرور پہنچے گا۔جناب الطاف حسین نے حق پرست شہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران اور کارکنان پرزوردیا کہ وہ حق پرست شہداء اور لاپتہ ساتھیوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یادرکھیں، شہداء کے لواحقین اور لاپتہ ساتھیوں کے اہل خانہ کی ہرممکن خبرگیری کریں اور حق پرستی کے پیغام کے فروغ کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لاکر پاکستان کی ترقی وخوشحالی اور ملک بھر کے مظلوم عوام کی فلاح وبہبود کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

## جناح گراؤنڈ میں ہونے والا ایم کیوایم کا جنرل ورکرز اجلاس
## اور یادگارشہدائے حق کا افتتاح سیکوریٹی وجوہات کی بناء پرملتوی کردیا گیا
## کل بروز ہفتہ لال قلعہ گراؤنڈ میں شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی ہوگی
## کارکنان وعوام قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں بھرپورشرکت کریں، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔18 جون، 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت کل بروز ہفتہ مورخہ 19/ جون 2010ء کو جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ایم کیوایم کا جنرل ورکرز اجلاس اور یادگار شہدائے حق کا افتتاح سیکوریٹی کی وجوہات کی بناء پرملتوی کردیا گیا ہے۔رابطہ کمیٹی کی جانب سے یادگارشہدائے حق کے افتتاح کی آئندہ تاریخ کا اعلان جلد کردیا جائے گا۔دریں اثناء ایم کیوایم کے تحت کل بروز ہفتہ بعد نماز عصر لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں حق پرست شہداء کے ایصال ثواب کے لئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے حق پرست کارکنان وعوام سے اپیل کی کہ وہ حق پرست شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں بھرپورشرکت کریں۔

## غربت سے تنگ آ کر خاتون سمیت ایک ہی خاندان کی جانب سے زہریلی دوا پینے کا واقعہ لمحہ فکریہ ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔18 جون،2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی کے علاقے صفورا گوٹھ میں غربت سے تنگ آ کر خاتون سمیت ایک ہی خاندان کے پانچ افراد کی جانب سے زہریلی دوا پینے کے واقعے پر گہری تشویشناک کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ متاثرہ خاندان کا سرکاری خرچ پر علاج کرایا جائے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک میں تیزی سے بڑھتی ہوئی مہنگائی اور بے روزگاری نے غریب عوام کی نہ صرف کمر توڑ رکھی ہے بلکہ ان سے جینے کا حق چھین لیا ہے اور یہی وجہ ہے کہ غریب عوام اپنی سفید پوشی کا بھرم برقرار رکھنے میں ناکامی کے باعث اپنی زندگی داؤ پر لگانے پر مجبور ہیں۔رابطہ کمیٹی نے گزشتہ روز لاہور میں رکشہ ڈرائیو نے اپنی بیوی اور بچوں کو زہر دیکر خودکشی کرنے کا واقعہ رونما ہو چکا ہے اور آج صفورا گوٹھ کا افسوسناک واقعہ حکمرانوں کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔رابطہ کمیٹی نے وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کیلئے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کریں اور متاثرہ خاندان کا علاج سرکاری خرچ پر کرایا جائے۔رابطہ کمیٹی نے متاثرہ خاندان سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی۔

## کے ای ایس سی کے حوالہ سے سندھ ہائی کورٹ کا فیصلہ قابل تحسین ہے، ارکان سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔18، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے سندھ ہائی کورٹ کی جانب سے کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کو بجلی کی قیمتیں نہ بڑھانے کا حکم جاری کرنے کا زبردست خیر مقدم کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ بجلی اور گیس کے نرخوں میں اضافے کے باعث کراچی کی صنعتی اور تجارتی سرگرمیاں بری طرح سے متاثر ہو رہی ہیں جبکہ بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کے باعث شہریوں کی زندگی اجیرن بن چکی ہے اور ان حالات میں کے ای ایس سی کی جانب سے بجلی کی قیمتوں میں اضافہ سراسر غیر منصفانہ ہے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ سندھ ہائی کورٹ کی جانب سے بجلی کی قیمتیں نہ بڑھانے کا حکم قابل تحسین ہے اور سندھ ہائی کورٹ نے کراچی کے عوام کی ترجمانی کی ہے۔

## ایم کیو ایم محنت کشوں کے حقوق کیلئے ہر سطح پر آواز بلند کرتی رہے گی، ایم کیو ایم لیبر ڈویژن
## پاکستان اسٹیل ملز کے محنت کشوں کے خلاف غیر قانونی اقدام کا نوٹس لیا جائے

کراچی۔۔۔18 جون،2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی لیبر ڈویژن کے انچارج انور سلیم نے کہا ہے کہ پاکستان اسٹیل مل کے محنت کشوں کے خلاف غیر قانونی اقدامات کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایم کیو ایم بلاتفریق رنگ و نسل غریب محنت کشوں کے جائز حقوق کیلئے ہر سطح پر آواز بلند کرتی رہے گی۔یہ بات انہوں نے گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں یونائیٹڈ ورکرز فرنٹ آف پاکستان اسٹیل مل کے وفد سے خورشید بیگم میموریل ہال میں ملاقات کے دوران کہی۔اس موقع پر ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کی مرکزی کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔یونائیٹڈ ورکرز فرنٹ آف پاکستان اسٹیل ملز کے وفد کے ارکان نے گفتگو میں پاکستان اسٹیل ملز میں نیشنل انڈسٹریل ریلیشن کمیشن (این آئی آر سی) اسلام آباد کی جانب سے غیر قانونی اقدامات کے بارے میں آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ پارلیمنٹ کی جانب سے کئے گئے انڈسٹریل ریلشنز ایکٹ 2000ء کے تحت اب قانون سازی کا اختیار صوبوں کے پاس ہے اس کے باوجود این آئی آر سی اسٹیل مل میں فوری ریفرنڈم کرانے کا اقدام کر رہی ہے جو ایکٹ 2000ء کی صریحاً خلاف ورزی ہے اور اس مزدور دشمن اقدام سے پاکستان کے محنت کشوں میں گہری تشویش پائی جا رہی ہے لیبر ڈویژن کے انچارج انور سلیم نے یونائیٹڈ ورکرز فرنٹ آف پاکستان اسٹیل مل کے وفد کی گذارشات کو غور سے سنا اور کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ محنت کشوں کے خلاف ہونے والے غیر قانونی و غیر انسانی اقدامات کی بھرپور مخالفت کرے گی۔انہوں نے وفد کے ارکان کو ایم کیو ایم کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔

## حق پرست عوام فہیم الدین کی صحت یابی کیلئے اللہ کے حضور خصوصی دعائیں کریں، الطاف حسین اپیل

لندن۔۔۔18، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم ایمپلائمنٹ سیل کے رکن مسعود صدیقی کے بہنوئی فہیم الدین کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنان سے اپیل کی کہ وہ فہیم الدین کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔واضح رہے کہ مسعود صدیقی کے بہنوئی فہیم الدین دل کے عارضے میں مبتلا ہیں اور کراچی کے نجی اسپتال کے انتہائی نگہداشت کے وارڈ میں زیر علاج ہیں۔

## ایم کیوایم قمبر شہدادکوٹ زون یونٹ قمبر سٹی کے یونٹ انچارج گلزار مغیری کو سپرد خاک کردیا گیا

## شہید کا سوئم ہفتہ کوان کے آبائی گاؤں قمبر میں واقع رہائشگاہ پر ہوگا

قمبر شہدادکوٹ۔۔۔18، جون2010ء

مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے ایم کیوایم قمبر شہدادکوٹ زون یونٹ قمبر سٹی کے یونٹ انچارج گلزار مغیری کو پیر محمد میتلو کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ قمبر میں واقع عیدگاہ میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں وزیر اعلیٰ سندھ کے حق پرست صوبائی وزیر غلام حیدر راہو، ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان خالد حسین بگیو، ریاض احمد، ایم کیوایم قمبر شہدادکوٹ زون کے اراکین، سیکٹر و یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔ بعدازاں وزیر اعلیٰ سندھ کے حق پرست مشیر غلام حیدر راہو نے گلزار مغیری کی رہائشگاہ جاکر شہید کے سوگوار لواحقین سے ملاقات کی اوران سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔اس موقع پرانہوں نے شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔گلزار مغیری شہید کا سوئم 19 جون ہفتہ کو بعد نماز ظہران کے آبائی گاؤں قمبر میں واقع رہائشگاہ پر ہوگا جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔

☆☆☆☆☆